# Rampur State Gazette.

## {EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

| نمبر ۲ | بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم | جلد ۴۲ |
| --- | --- | --- |

مطبوعہ روز چہارشنبہ تاریخ ۱۲؍ صفر سنہ ۱۳۴۹ ہجری مطابق ۹؍ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء


## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۹؍ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء

بنظر مناسب حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

(۱) سکریٹریز مندرجہ تحت آئندہ منسٹرز کے نام سے موسوم ہوں گے۔

الف۔ ۱۔ چیف سکریٹری۔ چیف منسٹر

۲۔ ریونیو سکریٹری۔ ریونیو منسٹر

۳۔ جوڈیشل سکریٹری۔ جوڈیشل منسٹر

۴۔ برگیڈ کمانڈر۔ آرمی منسٹر ہی رہیں گے۔

۵۔ ہوم منسٹر کا عہدہ جدید قایم کیا جاتا ہے اور سکریٹری صنعت و حرفت کا عہدہ تخفیف کیا جاتا ہے۔

ب۔ سکریٹریز مندرجہ ذیل آئندہ منسٹرز میں شمار نہیں ہوں گے۔

پرائیوٹ سکریٹری۔

ملٹری سکریٹری۔

فائننشل سکریٹری۔

سردار ڈیوڑہی۔

(۲) اجرائے احکام کا موجودہ طریقہ جس میں چیف سکریٹری ہز ہائی نس آرڈر و دستخط کرتے ہیں منسوخ کیا جاتا ہے جملہ منسٹرز اپنے صیغہ جات کے کاغذات ذریعہ ڈی۔ او چیف منسٹر کے پاس بھیجا کرینگے چیف منسٹر کو پچاس روپیہ ماہوار تک ملازمان کے تقرر و موقوفی بحالی تنزل جرمانہ رخصت تبادلہ کا اختیار حاصل ہوگا اور ایکہزار روپیہ تک مدد ارث اور ایکہزار روپیہ تک نزولات کی منظوری دینگے۔ اس سے زائد رقم کی منظوری اور نزولات وغیرہ دیگر معاملات انتظامیہ کے لئے کاغذات ذریعہ یادداشت مابدولت واقبال کے حضور میں صدور حکم کے لئے بھیجیں گے اور ان پر احکام مابدولت واقبال کے دستخط سے صادر ہوں گے۔

تا صدور حکم ثانی حکم برائی کے لئے کاغذات ذریعہ ڈی او جملہ منسٹرز کے یہاں سے چیف منسٹر کے اجلاس میں آیا کرینگے۔

دیگر منسٹروں کو پچیس روپیہ ماہوار تک کے ملازمان اور پانسو روپیہ تک مصارف کی منظوری اور نزولات کے اختیارات بدستور حاصل رہیں گے۔

(۳) موجودہ عدالت العالیہ اپیل کی بجائے ایک چیف کورٹ قائم کیا جائے گا جس میں ایک چیف جج اور دو پیونی جج ہوں گے۔ جوڈیشل منسٹر اس بابت مفصل اسکیم متعلق اختیارات ودیگر مراتب مرتب کر کے صدر اعظم کے سامنے پیش کریں۔
چیف کورٹ کے فیصلوں کے جو اپیل اجلاس مابدولت واقبال میں دائر ہوں گے۔ اون سب مقدمات پر جوڈیشل منسٹر نوٹ لکھا کریں گے۔ جوڈیشل منسٹر جملہ عدالتہائے دیوانی وفوجداری کے جس میں چیف کورٹ بھی شامل ہے انتظامی معاملات کے حاکم اعلیٰ رہینگے۔

(۴) مابدولت واقبال کے پرسنل اسٹاف میں:-

الف) صاحبزادہ سید واجد علیخاں بہادر بمشاہرہ چارسو روپیہ ماہوار پرائیوٹ سکریٹری مقرر کئے جاتے ہیں۔ انکو ۷ جون سنہ ۱۹۳۰ء سے تنخواہ ملیگی۔ وہ کارخانجات کے انچارج رہینگے کنٹرولر ہاؤس ہولڈ اونکے ماتحت ہوں گے۔

ب) کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں بہادر کا تقرر بعہدہ ملٹری سکریٹری بموجب روبکار ۵ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء ہو چکا ہے جس میں اونکے اختیارات وغیرہ کی صراحت ہے۔

(۵) پرائیوٹ سکریٹری ملٹری سکریٹری فائننشل سکریٹری اور سردار ڈیوڑھی کو آیندہ پندرہ روپیہ تک ملازمان کے تقرر موقوفی بحالی تنزل جرمانہ رخصت وتبادلہ کا اختیار حاصل ہوگا اور ڈھائی سو روپیہ تک مصارف اور اسیقدر نزولات کی منظوری اپنے اختیارات سے دینگے۔ اور اس سے اوپر کے کاغذات چیف منسٹر کے اجلاس میں بھیجینگے۔

(۶) مابدولت واقبال کے اجلاس میں مندرجہ ذیل اہلکار ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| منشی شوکت علیخاں۔ | سررشتہ دار |
| منشی ظہیر الحسن۔ | سررشتہ دار |
| سید شوکت علی۔ | ہیڈ کلرک |
| منشی مکھن لعل۔ | اکاؤنٹنٹ |
| اسٹینوگرافر۔ | ایک |
| امداد علی۔ | دفتری |

(۷) منسٹرز کے متعلق صیغہ جات کی تقسیم مندرجہ ذیل ہوگی۔

| منسٹر | صیغہ جات | کیفیت |
|---|---|---|
| (۱) صاحبزادہ عبد الصمد خاں بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ چیف منسٹر | ۱۔ پولیٹکل<br>۲۔ فائننس<br>۳۔ صیغہ جات سردار صاحب ڈیوڑھی<br>۴۔ تعمیرات وانہار | منشی بہجت بہاری لعل صاحب فائننشل سکریٹری<br>حافظ احمد علیخاں صاحب سردار ڈیوڑھی } یہ انتظام عارضی ہے<br>ایک سند یافتہ انجنیر دونوں صیغوں کا انچارج ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| (۲) صاحبزادہ عبد المجید خاں بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ ریونیو منسٹر | (۱) مال<br>(۲) مسکرات (آبکاری)<br>(۳) نزول<br>(۴) مویشی خانہ | |

| منسٹر | صیغہ جات | کیفیت |
| --- | --- | --- |
| (۳) مسٹر قمر شاہجہان بہادر بیرسٹر ایٹ لا جوڈیشل منسٹر | (۱) عدالتیں | |
| | (۲) وضع قوانین | |
| | (۳) سررشتۂ تعلیم | |
| | (۴) رجسٹری | |
| | (۵) مطبع ———— | بطور عارضی |
| (۴) صاحبزادہ سید محمود علیخاں بہادر ہوم منسٹر | (۱) پولیس ———— | بطور عارضی |
| | (۲) میڈیکل | |
| | (۳) جیل | |
| | (۴) واٹر ورکس | |
| | (۵) پاور ہاؤس | |
| | (۶) میونسپلٹی | |
| | (۷) مصرف خیرات و خاف | |
| | (۸) مردم شماری | |
| | (۹) صنعت و حرفت ———— | بطور عارضی |
| | (۱۰) ہوٹل | |
| (۵) کرنل صاحبزادہ سید عاشق علی خاں بہادر برگیڈ کمانڈر آرمی منسٹر | افواج رامپور | |

حکم ہوا کہ

سررشتہ خدمت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل مطبع کو مرسلہ ہو غیر معمولی گزٹ آج شب میں طبع ہو کر کل صبح چھ بجے تقسیم کر دیا جائے۔

ثبت دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## روبکار اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء

کارخانجات وصیغہ جات متعلق ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کی تقسیم حسب ذیل قرار دیجاتی ہے۔

(۱) صاحبزادہ سید جعفر علیخان بہادر — موٹر گراج

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر — فیس ڈاکٹران۔ مصارف معدودہ۔ تقاریب ریاست ہائے غیر۔ انجام خدمات۔

(۳) صاحب ہوم منسٹر بہادر — محتاج خانہ۔ یتیم خانہ۔ اوقاف۔ مرمت مساجد۔ مصرف خیر۔ کورٹ آف وارڈس۔ دواخانہ خاص۔

(۴) صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر — شاگرد پیشہ۔ باورچیخانہ۔ ہندوستانی و انگریزی متعلق خاصہ محلات و اسٹاف مہمانان۔ ڈیوڑھی خانہ۔ پیادہ خاصہ

پاندان خانہ عام ـ بنڈی خانہ ـ آبدار خانہ ـ گاؤمیش خانہ ـ سلم خانہ خاص ـ افسران اعلی کارخانجات ـ باغات شہر نیو پارک خاص باغ ـ باغ بینظیر ـ صیغہ آبرسانی ـ باغات شاہ آباد ـ باغ گھوڑا اکھال ـ باغ بریلی ـ مودیخانہ ـ فراش خانہ ـ کنول خانہ ـ پالکی خانہ ـ مہمان خانہ ـ کوٹھی بریلی ـ مہمانداری والیان ملک و دیگر معزز مہمانان ـ مصاحبان ـ عیدین ـ فیلخانہ ـ اسپورٹس ـ سیلون ـ شکار ـ مصارف سفر ـ گھڑیالیان ـ نقارخانہ ـ ارباب نشاط توشہ خانہ ـ جواہر خانہ ـ سینگر ـ کتب خانہ ـ عطرخانہ ـ ڈیوڑھیات ـ اصطبل و گاؤخانہ ـ

(۵) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

(۶) سردار صاحب ڈیوڑھی

(۷) کرنل محمد علیخان

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ـ بطور تتمہ گزٹ غیر معمولی میں شامل کیا جائے ـ

شرح دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا ـ